# PRESS RELEASE

For immediate release
May 7, 2026

**SECP Record 4,082 Company Incorporations in April 2026**

**ISLAMABAD, May 7, 2026:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) today announced a landmark achievement in corporate registration, having incorporated an unprecedented 4,082 companies in the month of April 2026, the highest number of monthly incorporations ever recorded in Pakistan's corporate history. With this milestone, the total number of registered companies in Pakistan has reached 294,101.

The SECP also set new daily incorporation records within the same period, registering 300 companies in a single day on April 27, 2026, a figure that was surpassed just days later when 340 companies were incorporated on April 30, 2026.

This remarkable milestone reflects growing investor confidence in Pakistan's economic outlook, signals a decisive and accelerating transition toward a documented, formal economy, and stands as a testament to transformative improvement in the Commission's operational efficiency and service delivery capacity.

The Commission remains steadfast in its commitment to further streamlining regulatory processes, reducing barriers to business formation, and fostering a transparent and digital enabling environment for investors and entrepreneurs across Pakistan.

Geographically, Punjab remained the hub of business activity, accounting for 2,093 (51%) of new registrations. It was followed by the Islamabad Capital Territory with 719 (18%), Sindh with 600 (15%), Khyber Pakhtunkhwa with 325 (8%), Gilgit-Baltistan with 276 (7%), and Balochistan with 69 (2%).

The trend toward formalization is clearly reflected in the choice of corporate structures, with private limited companies remaining the preferred option, accounting for 2,415 registrations (59%). They were followed closely by single-member companies (SMCs), which reached 1,542 registrations (38%), while limited liability partnerships (LLPs) and other categories comprised the remaining 125 (3%). The high percentage of SMCs specifically highlights a significant rising trend in individual entrepreneurship and the successful formalization of small-scale businesses across the country.

The information technology and e-commerce sector continues to serve as the primary engine of corporate growth, leading the monthly registrations with 832 new incorporations. The broader diversification of Pakistan's corporate landscape is further evidenced by robust performance across other key industries, including trading with 757 companies, services with 490, real estate development and construction with 358, tourism and transport with 242, food and beverages with 158, education with 127, textiles with 105, corporate agricultural farming with 97, mining and quarrying with 92, and other sectors with 824 new companies, reflecting well-rounded expansion across multiple segments of the economy.

International trust in Pakistan's regulatory environment reached a new high in April 2026, with participation recorded from 22 different countries. China emerged as the leading foreign investor with 95 shareholders,

followed by the United States with 11, the United Kingdom with 5, and Afghanistan with 4 shareholders. This global interest translated into significant capital inflows, as total paid-up capital reached substantial heights, led by Chinese investment contributing over PKR 193 million and followed by the United States with PKR 75 million.

**ایس ای سی پی کا اپریل 2026 میں ریکارڈ 4,082 نئی کمپنیوں کا اندراج**

**اسلام آباد، 7 مئی 2026**:سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کارپوریٹ رجسٹریشن کے شعبے میں ایک تاریخی کامیابی کا اعلان کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اپریل 2026 کے مہینے میں ریکارڈ 4,082 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ کی گئی ہیں۔ یہ پاکستان کی کارپوریٹ تاریخ میں کسی بھی ایک ماہ کے دوران ہونے والی رجسٹریشن کی اب سے بلند ترین سطح ہے۔ اس سنگ میل کے عبور ہونے سے پاکستان میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی مجموعی تعداد اب 294,101 تک پہنچ گئی ہے۔ ایس ای سی پی نے اسی مدت کے دوران روزانہ کی بنیاد پر رجسٹریشن کے بھی نئے ریکارڈ قائم کیے، جہاں 27 اپریل 2026 کو ایک ہی دن میں 300 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں، جبکہ اس کے چند ہی دن بعد 30 اپریل کو 340 کمپنیوں کے اندراج کے ساتھ یہ ریکارڈ بھی پیچھے رہ گیا۔

یہ غیر معمولی کامیابی پاکستان کے معاشی منظر نامے پر سرمایہ کاروں کے بڑھتے ہوئے اعتماد کی عکاسی کرتی ہے اور معیشت کے باضابطہ اور دستاویزی ڈھانچے کی طرف تیزی سے منتقلی کا واضح اشارہ ہے۔ یہ کامیابی کمیشن کی آپریشنل کارکردگی اور خدمات کی فراہمی کی صلاحیت میں ہونے والی انقلابی بہتری کا بھی منہ بولتا ثبوت ہے۔ کمیشن ریگولیٹری عمل کو مزید سہل بنانے، کاروبار کے آغاز میں حائل رکاوٹیں دور کرنے اور ملک بھر میں سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کے لیے ایک شفاف اور ڈیجیٹل ماحول فراہم کرنے کے اپنے عزم پر سختی سے قائم ہے۔

جغرافیائی لحاظ سے پنجاب کاروباری سرگرمیوں کا مرکز رہا جہاں 2,093 یعنی 51 فیصد نئی رجسٹریشنز ہوئیں۔ اس کے بعد اسلام آباد وفاقی دارالحکومت میں 719 یعنی 18 فیصد، سندھ میں 600 یعنی 15 فیصد، خیبر پختونخوا میں 325 یعنی 8 فیصد، گلگت بلتستان میں 276 یعنی 7 فیصد اور بلوچستان میں 69 یعنی 2 فیصد رجسٹریشنز ریکارڈ کی گئیں۔ معیشت کو دستاویزی شکل دینے کا رجحان کارپوریٹ ڈھانچے کے انتخاب سے بھی واضح ہے، جہاں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیاں سب سے زیادہ پسندیدہ انتخاب رہیں جن کا تناسب 2,415 رجسٹریشنز یعنی 59 فیصد رہا۔ ان کے بعد سنگل ممبر کمپنیوں کا نمبر رہا جن کی تعداد 1,542 یعنی 38 فیصد رہی، جبکہ لمیٹڈ لائبلٹی پارٹنرشپس اور دیگر کیٹیگریز میں بقیہ 3 فیصد اندراج ہوا۔ سنگل ممبر کمپنیوں کا بلند تناسب خاص طور پر ملک میں انفرادی سطح پر کاروبار کے ابھرتے ہوئے رجحان اور چھوٹے پیمانے کے کاروبار کے کامیاب اندراج کو ظاہر کرتا ہے۔

انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ای کامرس کا شعبہ کارپوریٹ ترقی کے بنیادی انجن کے طور پر کام کر رہا ہے، جس نے 832 نئی رجسٹریشنز کے ساتھ ماہانہ فہرست میں برتری حاصل کی۔ پاکستان کے کارپوریٹ منظر نامے میں تنوع کا اندازہ دیگر کلیدی صنعتوں کی بہترین کارکردگی سے بھی لگایا جا سکتا ہے، جن میں ٹریڈنگ کی 757 کمپنیاں، سروسز کی 490، رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اور کنسٹرکشن کی 358، سیاحت اور ٹرانسپورٹ کی 242، خوراک اور مشروبات کی 158، تعلیم کی 127، ٹیکسٹائل کی 105، کارپوریٹ زرعی فارمنگ کی 97، اور کان کنی کی 92 کمپنیاں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر مختلف شعبوں میں 824 نئی کمپنیوں کا اندراج معیشت کے تمام حصوں میں ہمہ جہت پھیلاؤ کی عکاسی کرتا ہے۔

پاکستان کے ریگولیٹری ماحول پر بین الاقوامی اعتماد اپریل 2026 میں ایک نئی سطح پر پہنچ گیا، جہاں 22 مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے سرمایہ کاروں کی شرکت ریکارڈ کی گئی۔ چین 95 شیئر ہولڈرز کے ساتھ سرفہرست غیر ملکی سرمایہ کار بن کر ابھرا، جس کے بعد امریکہ سے 11، برطانیہ سے 5 اور افغانستان سے 4 شیئر ہولڈرز شامل رہے۔ اس عالمی دلچسپی کے نتیجے میں ملک میں بڑے پیمانے پر غیر ملکی سرمایہ آیا، جہاں مجموعی ادا شدہ سرمایہ (پیڈ اپ کیپیٹل) نمایاں بلندیوں تک پہنچ گیا۔ اس میں چینی سرمایہ کاری کا حصہ 193 ملین روپے سے زائد رہا جبکہ امریکی سرمایہ کاری 75 ملین روپے ریکارڈ کی گئی۔